میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ اردن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

پیر، 04 رجب، 1437ھ | 11/04/2016 | نمبر: 14/37

پریس ریلز

اردن کے دار الحکومت عمان میں پاکستانی سفارت خانے کی وساطت سے حزب التحریر کا حکومت پاکستان کو پیغام

پیر کی صبح 11 اپریل 2016 کو حزب التحریر ولایہ اردن کے ایک وفد نے اردن کے دار الحکومت عمان میں پاکستانی سفارت خانے کا دورہ کیا اور ایک پیغام قونصلر جنرل جناب مسعود گل کے حوالے کیا جنہوں نے اس پیغام کو پاکستانی سفیر شفاعۃ اللہ شاہ کے حوالے کیا۔ سفیر صاحب نے قونصلر مسعود گل کی زبانی یہ وعدہ کیا ہے کہ وہ یہ پیغام حکومتِ پاکستان تک پہنچائیں گے۔ حزب نے اپنے پیغام میں حکومت پاکستان سے حزب التحریر کے پاکستان میں تمام مغوی اور قید شباب، جن میں حزب التحریر کے ولایہ پاکستان میں ترجمان نوید بٹ بھی شامل ہیں اور جنہیں اغوا ہوئے چار سال گزرنے کے بعد بھی نامعلوم جگہ سیکیورٹی اداروں نے تحویل میں رکھا ہوا ہے، کو کو رہا کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

حزب التحریر کے اس وفد کی قیادت مرکزی رابطہ کمیٹی کے سربراہ استاد بلال القصراوی کر رہے تھے جبکہ ولایہ کمیٹی کے ممبر استاد احمد ابو قدم اور ولایہ اردن میں حزب التحریر کے میڈیا آفس کے نائب ترجمان ڈاکٹر احمد حسونۃ بھی اس وفد میں شامل تھے۔

ولایہ اردن میں حزب التحریر کا میڈیا آفس